## مَیں مزید معلومات کہاں سے لے سکتا/سکتی ہوں؟

"او پی جی(آفس آف پبلک گارڈین) کے عملے کو اس بارے میں ہر سوال کا جواب دینے میں خوشی محسوس ہوگی کہ آپ نے درخواست کیسے کرنی ہے اور اگر آپ کو مالی امور کے بارے میں گارڈین (سرپرست) مقرر کر دیا جاتا ہے تو بعد میں کیا ہوتا ہے۔ آپ کا مقامی سٹیزن ایڈوائس بیورو یا سالیسٹر(وکیل) بھی آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ ویلفیئر کے معاملات میں آپ کی مقامی اتھارٹی کا سوشل ورک ڈیپارٹمنٹ بھی آپ کو مشورہ اور رہنمائی فراہم کر سکتا ہے۔

برائے مہربانی یہ بات نوٹ کر لیں کہ 'او پی جی'(آفس آف پبلک گارڈین) سے زیادہ تفصیلی رہنمانہ کتابیں دستیاب ہیں۔


**Office of the Public Guardian (Scotland)**
Hadrian House
Callendar Business Park
Callendar Road
Falkirk FK1 1XR

- ٹیلیفون نمبر: 01324 678300
- ای میل:opg@scotcourts.gov.uk
- www.publicguardian-scotland.gov.uk
- کھلنے کے اوقات: سوموارتا جمعہ: صبح 9 بجے سے 5 بجے شام


اگر دفتر میں آنا چاہیں ، عملے کے متعلقہ ممبر سے ملاقات کا یقین کرنا چاہیں تو عملے کےاس ممبر کے ساتھ اپوائنٹمنٹ بنوا لینا بہتر ہوگا۔

'سٹیزن ایڈوائس بیورو' ضرورت مند لوگوں کو مفت مشورہ اور معلومات فراہم کرتا ہے۔ آپ اپنی مقامی لائبریری یا فون بک سے اپنے مقامی سٹیزن ایڈوائس بیورو کے پتے معلوم کر سکتے ہیں یا اپنے علاقے میں 'ایڈوائس بیورو' کا پتہ لگانے کے لیے 'سٹیزن ایڈوائس سکاٹ لینڈ' کی ویب سائٹ www.cas.org.uk ملاحظہ کریں۔
یہ لیف لٹ دیگر صورتوں اور زبانوں میں بھی دستیاب ہے۔ اگر آپ یہ لیف لٹ کسی مخصوص صورت یا زبان میں لینا چاہتے ہوں تو برائے مہربانی'او پی جی' سے رابطہ کریں۔

'او پی جی(آفس آف پبلک گارڈین)' لینگویج لائن(جہاں آپ اپنی زبان میں بات کر سکتے ہیں) اور 'ٹیکسٹ ریلے سروس' استعمال کرتا ہے۔
اس سلسلے میں دستیاب دیگر لیف لٹس:

- پاور آف اٹارنی(مختار نامہ)
- انٹروینشن آرڈر
- ایکسس ٹو فنڈز سکیم

اگر آپ اس لیف لٹ کے بارے میں اظہارِ خیال کرنا یا اپنی رائے دینا چاہیں تو 'او پی جی' کی جانب سے اس کا خیرمقدم کیا جاتا ہے۔

'او پی جی' سکاٹش کورٹ سروس کا ایک حصہ ہے۔

INVESTOR IN PEOPLE

شمارہ اپریل 2013

# انکیپیسٹی(جسمانی استعداد میں کمی) میں مبتلا بالغ افراد
# (سکاٹ لینڈ ) ایکٹ 2000

## گارڈین شپ آرڈر کیا ہے
## (کسی فرد کی دیکھ بھال کے لیے سرپرست مقرر کرنے کا حکم)

Office of the Public Guardian (Scotland)

## یہ کیا ہے؟
یہ ''آڈلٹ انکیپیسٹی(سکاٹ لینڈ) ایکٹ 2000 کے تحت شیرف کورٹ کی طرف سے جاری ہونے والا ایک حکم ہے جس میں بتایا جاتا ہے کہ شیرف(جج) نے کس فرد کو ایک ایسے فرد کے بعض معاملات کی دیکھ بھال کرنے کے لیے مقرر کیا ہے جو خود ان معاملات کی دیکھ بھال کرنے کے قابل نہیں ہے۔ اس حکم میں یہ بھی بتا دیا جاتا ہے کہ مقرر کردہ فرد(افراد) در اصل کیا کر سکتے ہیں۔

## یہ حکم کرتا کیا ہے(اس کا مطلب کیا ہے)؟
یہ حکم شیرف کی طرف سے مقرر کردہ فرد جسے ''گارڈین'' کہا جاتا ہے، کو اس بات کی اجازت دے سکتا ہے کہ وہ کسی ایسے فرد کے مالی یا ویلفیئر یا دونوں معاملات کو پہلے کی طرح چلانے کا انتظام کریں جو خود ان معاملات کو چلانے کے قابل نہیں رہے ہیں۔

## مجھے اس کی کیوں ضرورت ہے؟
اگر کوئی فرد فیصلہ کرنے کے قابل نہیں ہے یا اسکی صلاحیت نہیں رکھتا، تو پھر ہو سکتا ہے کہ آپ کو کسی ایسے قانونی ادارے کی ضرورت ہو جو اس فرد کے بعض کام کر سکے۔ اگر پہلے کوئی ایسا حکم لاگو نہیں کیا گیا جیسے کہ 'مختار نامہ' جاری کرنا، جس میں آپ کو یا کسی دوسرے فرد کو مخصوص کام کرنے کا اختیار دیا گیا ہو تو پھر صرف عدالتی حکم ہی ایسا ذریعہ ہے جو آپ کو وہ کام کرنے کے قابل بنا سکتا ہے۔

## صلاحیت سے عاری ہونے کا کیا مطلب ہے؟
کسی حادثے یا بیماری کی وجہ سے کسی شخص کی صلاحیت آہستہ آہستہ یا اچانک کمزور پڑ سکتی ہے۔ ایک رجسٹرڈ اور لائسنس یافتہ میڈیکل ڈاکٹر یہ بتا سکے گا کہ آیا وہ شخص فیصلے کرنے کے قابل ہے یا نہیں۔

## کیا گارڈین شپ آرڈر کے بغیر مَیں اپنے شریکِ حیات یا اپنے رشتہ دار کی مدد کر سکوں گا/گی؟
جو فیصلے کئے جانے کی ضرورت ہو ان کی نوعیت کے پیشِ نظر ممکن ہے کہ آپ کو کسی ایسے فرد کی طرف سے فیصلہ کرنے کا اختیار خود بخود نہ مل سکے جو اپنے لیے خود فیصلہ کرنے کی صلاحیت نہ رکھتا/رکھتی ہو۔

## اس پر کتنا خرچ آتا ہے؟
اس کے مختلف اخراجات ہیں۔ عدالت میں درخواست دائر کرنے کی فیس اور آفس آف دی پبلک گارڈین(او پی جی) کے ساتھ آرڈر رجسٹر کرنے کی فیس۔ میڈیکل رپورٹوں کے لیے بھی فیس ادا کرنا پڑ سکتی ہے۔ اگر آپ کو اپنی درخواست عدالت میں لے کر جانے کے لیےوکیل کی خدمات حاصل کرنا پڑتی ہیں تو اس کے اخراجات بھی ادا کرنا پڑیں گے۔ چونکہ اخراجات مختلف ہو سکتے ہیں اس لیے بعض نکات پہلے چیک کر لینا بہتر ہوگا۔

## گارڈین شپ آرڈر کتنے عرصے کے لیے ہوتا ہے؟
شیرف یہ حکم تین سال کے عرصے کے لیے جاری کر سکتا ہے اور بعض صورتوں میں یہ حکم غیر معینہ مدت کے لیے بھی ہو سکتا ہے۔

## اس کے لیے مَیں درخواست کیسے کر سکتا/سکتی ہوں؟
ایک درخواست جسے 'سمری درخواست' کہا جاتا ہے، شیرف کورٹ میں دائر کی جاتی ہے۔ اس درخواست کے ساتھ دو میڈیکل رپورٹیں(جنہیں دو رجسٹرڈ اور لائسنس یافتہ ڈاکٹروں کی طرف سے مکمل کیا گیا ہو) اورحمایت میں دیگر دستاویزات بھیجنی ضروری ہوں گی۔ جو مزید فارم بھیجنے پڑتے ہیں، ان کے بارے میں معلومات کے لیے برائے مہربانی'او پی جی' سے رابطہ کریں۔ آپ کا مقامی 'سٹیزن ایڈوائس بیورو' یا وکیل بھی آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

## گارڈین(سرپرست) کون ہو سکتا ہے؟
اس کے لیے کوئی بھی درخواست دے سکتا ہے جس میں آپ کا/ک شریکِ حیات، فیملی ممبر، دوست یا پیشہ وارانہ افراد جیسے کہ وکیل، اکاؤنٹنٹ یا اس فرد کے مقامی سوشل ورک ڈیپارٹمنٹ سے کوئی بھی فرد شامل ہو سکتا ہے۔

## اگر مجھے گارڈین شپ آرڈر دے دیا جاتا ہے تو کیا کوئی چیک کرتا ہے کہ مَیں کیا کرتا/کرتی ہوں؟
ہاں ، 'او پی جی' رقم اور جائیداد کے بارے میں جاری ہونے والے احکامات کی نگرانی کرتا ہے۔ اگر آپ کو مالی معاملات کے بارے میں گارڈین مقرر کر دیا جاتا ہے تو آپ کےکچھ مخصوص فرائض ہوں گے جنہیں آپ کو پورا کرنا ہوگا۔ ان فرائض میں 'او پی جی' کو ایسی دستاویزات بھیجنا شامل ہوگا جن میں تفصیل سے بتایا گیا ہو کہ آپ کتنی رقم کی دیکھ بھال کر رہے ہیں اور اس رقم کے ساتھ آپ کا کیا کرنے کا ارادہ ہے۔ مالی معاملات کے لیے مقرر کئے گئے گارڈینز کی اکثریت کو مندرجہ ذیل دستاویزات مکمل کرنا ہوں گی؛

- انوینٹری آف سٹیٹ(ملکیت کی تفصیلی فہرست) ۔ اس میں اس بالغ فرد سے متعلقہ تمام ذرائع آمدنی، جیسے کہ بنک اکاؤنٹس، پنشنز، جائیداد وغیرہ کی تفصیل شامل ہوگی جن کو نپٹانا آپ کی ذمہ داری ہے۔
- مینجمنٹ پلان ۔ اس میں بتایا گیا ہے کہ اس بالغ فرد کے متعلقہ جائیداد اور مالی امور جیسے کہ ، بنک اکاؤنٹ بدلنا، گھر فروخت کرنا اور اس کی سرمایہ کاری کو نپٹانے کی کیسے منصوبہ بندی کرنا ہے۔
- سالانہ اکاؤنٹس۔ آپ کو پوری طرح ریکارڈ رکھنا ہوگا تاکہ آپ 'او پی جی' کو سالانہ اکاؤنٹس دے سکیں۔ آپ کی طرف سے تیار کردہ اکاؤنٹس میں لین دین کی تما تفصیلات موجود ہوں گی جو آپ نے اس عرصے کے دوران، عام طور پر 12 مہینوں کے دوران طے کی ہوں گی۔